**26/06/2026**

**12:30 /PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انورالحق**

**LG**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جولائی کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے والی سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں تمام تر انتظامات اور تیاریاں پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔**

**اننت ناگ میں شری امر نا تھ جی یاترا سے متعلق2روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ غیر یقینیت کے اس دور میں یہ یاترا ہمیں کثرت میں وحدت کا پیغام دیتی ہے۔**

**------LG------**

**لیفٹنٹ گورنر نے پہلگام میں یاترا کے ننون بنیادی کیمپ کا دورہ کرکے وہاں شر دھالووٗں کے لئے کئے گئے انتظامات کا برسر موقع تفصیلی جائزہ لیا۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر میں جھیلوں کے تحفظ کےلئے دیر پا ادارہ جا تی تال میل ، سائنسی منصوبہ بندی اور بروقت عمل آوری پر زور دیا ہے۔**

**سرینگر میں لیک کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی کی 27ویں بورڈ کی میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ڈل، نگین، خوشحال سر اور گِلسر جیسی جھیلوں میں جا ری تحفظاتی کاموں کے علاوہ ان سے جڑے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی معاملات کاتفصیلی جائزہ لیا۔**

**عمر عبداللہ نے متعلقہ محکموں اور اتھارٹیز کو ہدایت دی ہے کہ وہ قانونی ضوابط اور ماحولیاتی معیارات کے ساتھ جھیلوں سے جڑے زیرتعمیر پروجیکٹوں پر کام کی رفتار میں سرعت لائیں۔**

**زلزلہ**

**وینز ویلا میں کل صبح آئے تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 235ہو گئی ہے جبکہ15سو سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے ہیں اور200کے قریب پھنسے ہوئے بتائے جا رہے ہیں۔**

**حکام نے بتایا ہے کہ2ہزار927کنبے بے گھر ہو گئے ہیں۔ وینزویلا میں کل صبح7اعشاریہ5اور7اعشاریہ2 شدت کے2شدید جھٹکے آئے تھے جس کے نتیجے میں وہاں یہ تباہی مچ گئی۔**

**یوم عاشورہ**

**آج عاشورہ**

---

**ۂ محرم ہے۔ اس سلسلے میں وادی خاص طور سے شیعہ آبادی والے علاقوں میں عزاداری اور ذولجناح کے جلوسوں کا انعقاد جا ری ہے، جس کےلئے انتظامیہ کی جانب سے تمام ضروری انتظامات اور تیاریاں کی گئی ہیں۔**

ان تقریبات کے دوران شہدائے کر بلا کی عظیم قربانیوں کو یاد کر کے انہیںخراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ سرینگر میں انجمن شرعی شعیان کے زیر اہتمام سب سے بڑا جلوسِ عزا  گلشن باغ سے امام بار گاہ زڈی بل تک منعقد کیا جا رہا ہے۔

اسکے علاوہ بڈگام اور وادی کے دیگر اضلاع کے شیعہ آبادی والے علاقوں میں بھی یوم عاشورہ کی تقریبات جاری ہیں، جن میں ماتم کناں سینہ کوبی کر کے مرثیہ اور نوحہ خوانی کررہے ہیں۔سرینگر میں ذولجناح شریف کی ایک جھلک۔

خراج

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مو دی نے یوم عاشورہ کے موقعے پر حضرت امام حسین ؑ اور کر بلا کے دیگر شہیدوں کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا کہ کر بلا کے اُن جانثاروں کی شہادت ہمیں آج بھی سچائی اور انصاف کےلئے ڈٹ کر کھڑا رہنے کی تحریک بخشتی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کر بلا کے میدانِ کار زار میں حق و صداقت کی علم بلند رکھنے والے شہیدونکی عظمت کو سلام پیش کیا ہے۔

اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا ہے کہ میدانِ کر بلا ہمیں شجاعت اور قربانی دینے کے اقدار سکھاتا ہے۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے ہٹ مولہ علاقے میں ایک کنویں کی صفائی کے دوران 2نوجوان دم گھٹنے کے نتیجے میں جان بحق ہو گئے ہیں۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ جب یہ نوجوان کنویں میں بے ہوش ہو گئے تو انہیں بچانے کی فوری کوششوں کے با وجود بھی انہیں بچایا نہیںجا سکا۔

اُن کے نام ہٹ مولہ کے رہنے والے ریاض احمد بٹ اور عادل احمد بٹ بتائے گئے ہیں۔

LPG

مرکزی سرکار نے صنعتوں اور دیگر کمر شل صارفین کو ایک بڑی راحت دیتے ہوئے غیر گھریلو ایل پی جی کی سپلائی لیول مغربی ایشیاءکی بحرانی صورتحال سے پہلے کی سطح پر بحال کر دی ہے۔

ایک بیان میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ LPG کی بلک سپلائی بحرانی صورتحال سے پہلے کی50فیصد حد تک بحال کی گئی ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

..............................

.....................

.......